سٹی آف اسٹوک آن ٹرینٹ سکستھ فارم کالج

طلباء کا تعلیمی چارٹر

سٹی آف اسٹوک آن ٹرینٹ سکستھ فارم کالج ایک نوجوانوں کا کالج ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آپ ہمارے ساتھ اپنے وقت کا لطف اٹھائیں گے، آپ کو سخت محنت کرنے کی ترغیب ملے گی، اور یہ کہ آپ ہماری دیکھ بھال کرنے والی کمیونٹی کا حصہ محسوس کریں گے۔

آپ کالج سے کیا توقع کر سکتے ہیں:

1۔ تعلیمی اور ذاتی طور پر ترقی کے لیے تعاون۔

2۔ مکمل تیاری اور resourced lessons جو جماعت میں موجود ہر طالب علم کو اپنی طرف مشغول اور متحرک کرے گا۔

3۔resourced lessons جو مختلف سیکھنے کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مختلف اشکال میں پیش کیے جاتے ہیں۔

4۔ ہمارے ASPIRE + میں آپ وسیع سرگرمیوں کی رینج سے انتخاب کر سکتے ہیں. یہ آپ کے تجربات کو وسیع کرنے کے مواقع فراہم کرنے اور ایک آزاد اور پر اعتماد سیکھنے والے کے طور پر ترقی میں آپ کی مدد کیلئے ڈیزائن کیا گیا ہے. یہ آپ کو مزید تعلیم اور ملازمت کے حصول کیلئے تیار کرتا ہے۔

5۔ اعلیٰ معیار کی ترقی میں رہنمائی، بشمول یونیورسٹی، اپرنٹس شپ یا ملازمت کے حصول کی خاطر درخواستوں میں تعاون۔

6۔ اگر آپ کو اضافی تعلیم کے حصول میں معاونت، پڑھائی یا ذاتی معاملات میں مدد اور معاونت کی ضرورت ہو تو کالج فراہم کرتا ہے۔

7۔ مالی امداد مثلاً (برسری) و دیگر خدمات وائی فائی/نیٹ ورک کی ضروریات کے حوالے سے ہماری پیشہ ورانہ خدمات کی ٹیم مدد فراہم کرتی ہے۔

کالج آپ سے توقع کرتا ہے کہ:

1- ہر ہفتے کے دن صبح 8.30 اور شام 4.30 کے درمیان دستیاب رہیں۔ کسی بھی فوری تعمیل طلب تقریریوں، ڈرائیونگ لیسن، یا دیگر فوری تعمیل تقریریوں کا اہتمام **لیسنز کے بعد ہونا چاہیئے۔**

2- کالج میں ہمہ وقت ایک بالغ اور ذمہ دارانہ انداز میں برتاؤ کریں. کالج کمیونٹی کے دیگر تمام اراکین کے ساتھ احترام کا رویہ اختیار کریں۔

3- کالج، فینٹن مینر اور یونیورسٹی سائنس سنٹر میں ہر وقت اپنے کالج کا شناختی کارڈ پہن کر رکھیں۔

4- تمام ASPIRE لیسنز، ورکشاپس اور ASPIRE + ٹوٹوریلز، میں شرکت کریں اور وقت کی پابندی کریں۔

5- کالج مکمل تیاری کے ساتھ آئیں (مثلاً قلم، کاغذ، فولڈر، اگر دستیاب ہو تو آپ کا اپنا مکمل چارج شدہ الیکٹرانک ڈیوائس وغیرہ) اور تمام اسباق میں اپنی بہترین صلاحیت کے مطابق کام کرتے ہوئے اپنی پڑھائی سے مکمل وابستگی ظاہر کریں۔

6۔ ہر سبق کے بعد اور مقرر کردہ تاریخ کے مطابق اپنا PREP کام مکمل کریں۔ اساتذہ آپ کو منظم کام اور رہنمائی فراہم کریں گے کہ اس میں کیا شامل ہو گا۔

7۔ ٹیموں کے ساتھ مکمل طور پر مشغول ہوں اور مناسب وقت پر اپنے کالج کی ای میلز کا جواب دیں۔

8۔ کسی بھی بامعاوضہ جز وقتی ملازمت کو ہفتے میں 8-10 گھنٹے سے زیادہ تک محدود رکھیں۔ یہ کالج کے اوقات سے باہر ہونے چاہئیں **یعنی ہفتے کے دن شام 5 بجے کے بعد یا اختتام ہفتہ پر۔**

9۔ اگر آپ کو کوئی پریشانی یا تشویش ہے، ، یا آپ کالج جانے کے لیے بہت بیمار ہیں تو اپنے اساتذہ اور پروگریس کوچ کو ای میل کریں، اور ساتھ ہی CEDAR پر اپنی غیر حاضری کو لاگ ان کریں۔ اس دوران پڑھائی جانے والے لیسنز کے بارے میں اپ ڈیٹ لینا آپ کی ذمہ داری ہے۔

10-رابطہ کی تفصیلات میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں کالج کو فوراً مطلع کریں، بشمول پتہ، ٹیلی فون نمبر یا ای میل ایڈریس کی تبدیلی۔

11۔Unifrog، کیریئر پلاننگ اور ASPIRE+ پروگرام کے ساتھ پوری طرح مشغول ہوں۔

12۔ کام کے تجربے کی جگہ کا تعین کرنے کی ذمہ داری لیں جو آپ کے مطالعہ کے پروگرام سے متعلق ہو (اگر آپ کو ایسا کرنے میں مدد کی ضرورت ہو، آپ کے اساتذہ، پروگریس کوچ اور فیوچر ٹیم سے کالج میں مزید معلومات اور مدد دستیاب ہے)۔

کالج طالب علم کی کارکردگی کے انتظام کے طریقہ کار کو چلاتا ہے، جو ہمارے نوجوانوں کی مکمل صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لیے حوصلہ افزائی اور مدد فراہم کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ جو نوجوان ان توقعات کو پورا کرنے سے قاصر ہیں اُن کا کالج میں تعلیم جاری رکھنا خطرے میں پڑ سکتا ہے۔

کالج کورسز کے لئے نیک خواہشات اور کالج میں خوش آمدید!